# ترجیحی پرائمری کیئر سنٹرز

آفیشل

- کیا آپ کو فوری طور پر ڈاکٹر سے ملنے کی ضرورت ہے؟
- ترجیحی یا پرائیریٹی پرائمری کیئر سنٹررز (PPCCs) ہر کسی کو ہنگامی چوٹ یا بیماری کی صورت میں مفت علاج فراہم کرتے ہیں۔
- ہسپتال کے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کے مقابلے میں PPCC ڈاکٹر آپ کو درکارعلاج زیادہ تیزی سے فراہم کرتے ہیں۔
- وہ درمیانے درجے کی انفیکشنز، چھوٹے موٹے جلنے کے حادثات، موچ یا مشتبہ ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کا علاج کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو شدید چوٹ یا بیماری کا سامنا ہے تو ٹرپل زیرو (000) پر کال کریں۔
- اگر آپ کو فوری دیکھ بھال کی ضرورت نہیں ہے، تو اپنے معمول کے ڈاکٹر سے ملاقات کریں۔
- PPCC کی خدمات میں پیتھالوجی، ریڈیالوجی اور فارمیسی شامل ہیں۔
- PPCC خدمات میڈی کیئر کارڈ کے ساتھ یا اس کے بغیر ہر کسی کے لیے مفت ہیں۔
- PPCCs ہفتے کے ساتوں دن لمبے دورانیے کے لیے کھلے رہتے ہیں۔
- آپ کو اپائنٹمنٹ کی ضرورت نہیں ہے۔
- وکٹوریہ بھر میں PPCCs کھل رہے ہیں۔
- سنٹرز کے مقامات اور مزید معلومات کے لیے بیٹر ہیلتھ چینل پر جائیں:
www.betterhealth.vic.gov.au/health/servicesandsupport/priority-primary-care-centres
- PPCCs میں زبانی مترجم دستیاب ہیں۔ تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس TIS National کو 131 450 پر کال کریں۔

Department of Health